KT-IX-14(A)

Sig. of Supdt. ____________

# تاریخ اسلام (نہم)

(Fresh / Reappear)

Roll No. ____________

Fic No. ____________

---

Fic No. ____________

وقت: 3 گھنٹے　　　　کل نمبرات: 75

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں۔ سیکشن الف، ب اور ج۔ سیکشن الف کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کر دیں۔

## "سیکشن الف"

وقت: 20 منٹ　　　　نمبر: 15

سوال 1 ہر جز کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) دنیا میں سب سے پہلے سکے کس حکومت میں رائج تھے؟
الف) ایرانی　ب) رومی　ج) یونانی　د) عربوں

(ii) ظہور اسلام سے پہلے کس بت کو خانہ کعبہ کے چھت پر نسب کیا گیا تھا۔
الف) ہبل　ب) لات　ج) منات　د) عُزیٰ

(iii) کس عیسائی راہب نے ابوطالب کو حضورؐ کی نبی اخرالزماں ہونے کی پیش گوئی کی۔
الف) ورقہ بن نوفل　ب) نجاشی　ج) بحیرہ　د) اُمیہ بن حلف

(iv) نبوت کے کونسے سال حضرت عمرؓ ایمان لائے۔
الف) دوسرے　ب) تیسرے　ج) چوتھے　د) پانچویں

(v) شعب ابوطالب میں بنی ہاشم نے کتنے عرصے قیام کیا؟
الف) دو سال　ب) تین سال　ج) چار سال　د) پانچ سال

(vi) غزوہ احد کس سنِ ہجری میں پیش آیا؟
الف) ۳ھ　ب) ۴ھ　ج) ۵ھ　د) ۶ھ

(vii) خندق کھودنے کا مشورہ کس صحابی نے دیا؟
الف) حضرت علیؓ　ب) حضرت ابوبکر صدیقؓ　ج) حضرت حمزہؓ　د) حضرت سلمان فارسیؓ

(viii) خطبہ حجتہ الوداع کس سن ہجری میں دیا گیا؟
الف) سن نو ہجری　ب) سن دس ہجری　ج) سن گیارہ ہجری　د) سن بارہ ہجری

(ix) حضرت ابوبکر صدیقؓ کے والد کا کیا نام تھا؟
الف) حمزہ　ب) بکر　ج) حارث　د) عثمان

(x) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کتنے برس حکومت کی؟
الف) سوا دو سال　ب) تین سال　ج) سوا تین سال　د) چار سال

(xi) حضرت عمر فاروقؓ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟
الف) اوس　ب) بنو سعدی　ج) بنو عدی　د) خزرج

(xii) جنگ یرموک کس خلیفہ راشد کی عہد میں ہوئی۔
الف) حضرت ابوبکرؓ　ب) حضرت عمرؓ　ج) حضرت عثمانؓ　د) حضرت علیؓ

(xiii) فاتح خیبر کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟
الف) حضرت زبیرؓ　ب) حضرت خالد بن ولیدؓ　ج) حضرت سعد بن ابی وقاصؓ　د) حضرت علیؓ

(xiv) حضرت علیؓ نے دارالخلافہ کس شہر منتقل کیا؟
الف) کوفہ　ب) بصرہ　ج) مکہ　د) دمشق

(xv) حضرت خالد بن ولید نے کب اسلام قبول کیا؟
الف) سن ۶ ہجری　ب) سن ۷ ہجری　ج) سن ۸ ہجری　د) سن ۹ ہجری

Result.pk

KT-IX-14(A)

# تاریخ اسلام (نہم)

(Fresh/Reappear)

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر: 60

نمبر: 36

## سیکشن ب

سوال 2 مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے (نو) اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) بازنطینی حکومت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ii) حجر اسود کا واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

(iii) شعیب ابو طالب پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(iv) حضرت ابو جندلؓ کا واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

(v) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کب اور کتنے برس کی عمر میں وفات پائی ہے۔

(vi) مسیلمہ کذاب کون تھے؟

(vii) عہد صدیقیؓ کے شوریٰ کے چند صحابہؓ کے نام لکھیں۔

(viii) جزیہ سے کیا مراد ہے؟

(ix) حضرت عمر فاروقؓ کو کس نے شہید کیا؟

(x) جنگ صفین کن کے درمیان لڑی گئیں۔

(xi) فاتح مصر کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

(xii) حضرت عثمانؓ کی سیرت و کردار پر مختصر نوٹ لکھیں۔

نمبر: 24

## سیکشن ج

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر ایک کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 3 طلوع اسلام سے قبل عربوں کی مذہبی، معاشی اور ثقافتی حالت تفصیل سے بیان کریں۔

سوال 4 فتح مکہ پر نوٹ لکھیں۔

سوال 5 نبی پاکؐ کی حیات طیبہ اخلاق حسنہ کی مکمل تصویر تھی۔ تعلیمات نبوی کی روشنی میں احاطہ کیجئے۔

سوال 6 حضرت عمر فاروقؓ کا انتظام سلطنت بیان کریں۔

☆☆☆

Result.pk